# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے متعینہ وقت سے پہلے اینڈ سمسٹر کے نتائج جاری کیے؛
## امتحان اور جانچ کی کاروائیوں میں نیا ریکارڈ بنایا

New Delhi, May 21, 2025

تعلیمی فضیلت اور بہتر انتظامی کارکردگی کے تئیں عہد کو اجاگر کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایک اہم اقدام کیا اور شیڈول ٹائم سے پہلے اینڈ سمسٹر کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کرنا شروع کردیا ہے۔اس پہل کے حصے کے طور پر دفتر، کنٹرولر امتحانات نے سال دوم (دوہزار چوبیس پچیس سیشن) بی۔ایڈ اسپیشل ایجوکیشن (بصری نقائص کے شکار) اور بی۔ایڈ اسپیشل ایجوکیشن (اسپیفک لرننگ ڈس ایبلیٹی) اس ہفتے کے پہلے ہی ان کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔

پروفیسر مظہر آصف،عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ان نتائج کا اعلان کیا۔قابل ذکر ہے کہ لگاتار ڈیجیٹل ترقی کے زمانے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ، اسٹوڈینٹ پورٹل سے اپنی ای مارک شیٹ دیکھ سکتے ہیں۔اس سے سہولت میں بھی بہتری آئی ہے اور ساتھ ہی نتائج کی نشر واشاعت کی کاروائی کو بھی باضابطہ کیا جاسکا ہے۔

اس موقع پر پروفیسر پون کمار شرما، کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر رضوی کی صاحب بصیرت قیادت اور تیز کاروائی کے لیے ملنے والے تعاون کی دل کی گہرائیوں سے تعریف کی۔امتحانات کے انعقاد اور نتائج کے پہلے اعلان میں ان کے بھرپور تعاون کا اہم رول رہا ہے۔

پروفیسر شرما نے ڈاکٹر احتشام الحق، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر سنیل، اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات اور دفتر، کنٹرولر امتحانات کی پوری ٹیم کی مخلصانہ کوششوں اور وقت سے پہلے نتائج کے اعلان کو یقینی بنانے کے لیے سخت کاوشوں اور ان کے عہد کی تعریف کی۔

اس موقع پر پروفیسر شرما نے کہا کہ ’نتائج کا بروقت اعلان ہمارے اسٹاف کے خلوص ولگن، کام کی اہلیت اور ٹیم ورک کا پختہ ثبوت ہے۔ امتحان سے متعلقہ تمام کارروائیوں میں اعلی معیار کی پاس داری اور شفافیت کے ہم پابند عہد رہے‘‘۔

علمی ضابطے، شفافیت، کام کاج کی خوش اسلوب انجام دہی میں جامعہ مثال پیش کرتے ہوئے قیادت کررہی ہے اس کے ساتھ ہی نتائج کا قبل از وقت اعلان طلبہ کے لیے تعلیمی تجربے کو بہتر کرنے کی جامعہ کی کوششوں میں ایک اہم باب ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ